27-01-2026 TUESDAY URDU NEWS BULLETINE 17.50 HRS

سرخیاں

......ریاست میں بلدی انتخابات کے لئے نوٹیفکشن جاری۔ الیکشن کمشنر رانی کمودنی نے کہا اگلے مہینے کی گیارہ تاریخ کو پولینگ ہوگی۔

......مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے کہا مرکزی حکومت خواتین کو بااختیار بنانے اولین ترجیح دے رہی ہے۔

......عوام کو تیز اور شفاف خدمات کی فراہمی سے محکمہ مال کے نظام میں بنیادی سطح سے تبدیلیوں کا آغاز کیا گیا ہے۔ ریاستی وزیر پونگولیٹی سرینواس کا بیان۔

......محکمہ شہری ہوابازی کی جانب سے کل سے چار دنوں تک حیدرآباد کے بیگم پیٹ ایئرپورٹ پر وینگس انڈیا2026 کی نمائش۔

MUNCIPAL ELECTIONS

ریاست میں میونسپل الیکشن کے لئے نوٹیفکشن جاری کردیا گیا ہے۔ سات میونسپل کارپوریشن اور ایک سوسولہ بلدیات سے متعلق انتخابی شیڈول اسٹیٹ الیکشن کمشنر رانی کمودنی نے آج جاری کیا۔ ضلع کلکٹرس اور ایس پیز کے ساتھ منعقدہ اجلاس کے بعد جاری کردہ اس نوٹیفکشن کے ساتھ ہی ریاست بھر میں انتخابی ضابطہ اخلاق نافذ العمل ہوگیا ہے۔ ان انتخابات میں جملہ باون لاکھ 43 ہزار ووٹرس حق رائے دہی سے استفادہ کریں گے۔ شیڈول کے مطابق کل سے اس مہینے کی تیس تاریخ تک نامزدگیاں قبول کی جائیں گی۔ اکتیس تاریخ کو پرچہ نامزدگیوں پر غور کیا جائے گا۔ اگلے مہینے کی تین تاریخ تک دستبرداری کی مہلت رہے گی۔ اور اسی دن امیدواروں کی قطعی فہرست جاری کی جائے گی۔ اگلے مہینے کی گیارہ تاریخ کو پولنگ ہوگی اور تیرہ تاریخ کو ووٹوں کی گنتی کے بعد نتائج جاری کئے جائیں گے۔ سولہ فروری کو میونسپل چیرمین اور میئرس کے انتخاب کا عمل ہوگا۔ الیکشن کمشنر نے تمام سے جمہوریت کے اس جشن میں شامل ہونے اور حق رائے دہی سے استفادہ کی اپیل کی ہے۔

sound byte

KISHAN REDDY- GOVERNOR

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں مرکزی حکومت کی جانب سے خواتین کو بااختیار بنانے پر خصوصی

توجہ دی جا رہی ہے۔انہوں نے آج حیدرآباد کے یوسف گوڑہ میں قومی سطح کی چھوٹی اور متوسط صنعتوں کے ادارے نمس مے۔ کے ذریعہ اٹل بہار واجپائی۔ اے بی وی۔ فاونڈیشن کے زیر اہتمام تربیت مکمل کرنے والے طلبا میں گورنر جیشنو دیو ورما کے ساتھ اسناد تقسیم کئے۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ فوج سے لے کر خلائی تحقیق تک تمام شعبوں میں خواتین کی شمولیت کو یقینی بنانے کے لئے مرکز کی جانب سے حوصلہ افزائی کی جا رہی ہے۔ مرکزی حکومت کی جانب سے خصوصی دلچسپی لیتے ہوئے غریب افراد کیلئے بینکوں میں 51۔کروڑ جن دھن کھاتے کھوالے گئے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ چھوٹے تاجرین کو خود مکتفی بنانے کی غرض سے بینکوں کے ذریعہ قرض کی فراہمی کے لئے اے بی وی فاونڈیشن کی جانب سے سود مند اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

Byte kishan reddy

گورنر جیشنو دیو ورما نے اپنے خطاب میں کہا کہ خواتین کے معاشی طور پر ترقی کرنے پر ہی ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا۔انہوں نے خواتین کے بااختیار طور پر ابھرنے کے لئے اے بی وی فاونڈیشن کی جانب سے فراہم کی جا رہی تربیت اور بینک کے قرضوں کی دلچسپی پر انہیں مبارکباد پیش کی۔اس تقریب میں اے بی وی فاونڈیشن چیر پرسن کاویا کشن ریڈی۔ایم ایس ایم ای ڈائریکٹر شریکانت شرما۔سی رام چندر ریڈی اور دوسرے موجود تھے۔

BHATTI

ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرمارکا نے کہا ہے کہ گذشتہ دس سال کے دوران جو ترقیاتی کام انجام دیئے گئے تھے ان کی حکومت نے وہ اندرون دو سال کر دیکھایا ہے۔انہوں نے بتایا کہ معذور افراد کی فللاح و بہبود کے لئے اس دوران سو کروڑ روپے خرچ کئے گئے۔انہوں نے تیقن دیا کہ عوامی حکومت میں معذور افراد کو کوئی بھی مسئلہ درپیش ہونے نہیں دیا جائے گا۔اوران کے لئے درکار تمام فلاحی اسکیمات فراہم کی جائیں گی۔کھمم ضلع کے مدھیرا حلقہ مستقر میں آج معذور افراد میں تین پہیوں کی سائکلیں تقسیم کی گئیں۔اس موقع پر ڈپٹی چیف منسٹر نے کہا کہ تعلیم یافتہ معذور طلبا کو حکومت کی جانب سے آئی پیاڈ۔کمپوٹرس۔لیاب ٹیابس فراہم کئے جا رہے ہیں۔بھٹی وکرمارکا نے کہا کہ سماج میں تمام کے ساتھ معذور افراد کے بھی ساتھ چلنے کی ذمہ داری ہر ایک پر عائد ہوتی ہے۔

TUMMALA

ریاستی وزیر زراعت تملا ناگیشور راو نے کہا ہے کہ کھمم ضلع کی جامع ترقی کے لے تمام اقدامات کئے جا رہے ہیں۔انہوں نے آج کھمم میں بعض ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا اور افتتاح کیا۔بعد ازاں ریاستی وزیر نے خطاب کیا۔

sound byte

WINGS INDIA 2026

ہندوستانی شہری ہوابازی کے تحت کل سے چار دنوں تک حیدرآباد کے بیگم پیٹ ایرپورٹ میں وینگس انڈیا 2026 ۔ کی نمائش منعقد ہوگی۔شہری ہوابازی کے وزیر رام موہن نائیڈو واس کا افتتاح انجام دیں گے۔افتتاحی تقریب میں نائب وزیر اعلی بھٹی وکرمارکا۔

شہری ہوابازی کے مملکتی وزیر مرلی دھر مہول کے علاوہ دیگر اہم شخصیات شرکت کریں گی۔ اس دوران انٹرنیشنل ایگزیبیشن اسٹاک۔ ایئر کرافٹ ڈسپلے۔ ایئروباٹیک فلائینگ شو۔ گلوبل ایویشن کانفرنس۔ منسٹریل پلینیری سیشنس۔ گلوبل سی ای او فورم۔ ایویشن جاب فیئر کے انتظامات کئے جارہے ہیں۔ نوجوانوں کے لئے ایویشن جاب میلہ طلبا کے لئے سیول ایویشن۔ انوویشن چیالنج۔ کے انعقاد کے لئے بھی تیاریاں کی گئی ہیں۔ انڈین ایویشن پے ونگ دافیوچر کے مقصد سے ونگس انڈیا2026 پروگرام منعقد ہورہا ہے۔

ETTELA MALKAJ GIRI

رکن پارلیمنٹ ایٹلا راجندر نے آج ملکاجگیری میں دوآراو بی برجس کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس تقریب میں متعلقہ رکن اسمبلی مرری راج شیکھر ریڈی کے علاوہ ریلوے کے اعلی حکام اور دیگر اہم شخصیات موجود تھے۔ ایٹلا راجندر نے بتایا کہ عنقریب ملکاجگیری میٹرچل حلقے کے تمام ریلوے لیول کراسنگس کے پاس آراوبی برجس کی تعمیر کروائی جائے گی۔

MP KONDA VISHVESHWAR REDDY

چیوڑلہ رکن پارلیمنٹ کونڈہ وشویشور ریڈی نے کہا ہے کہ جی رام جی روزگار ضمانت اسکیم پر مکمل سطح سے عمل آوری پر پنچایت راج کے اصولوں کے مطابق مضبوط ہوکر مواضعات ترقی حاصل کریں گے۔ انہوں نے آج وقارآباد ضلع کے ویرشیٹی پلی موضع میں جی رام جی اسکیم سے متعلق موضع کے افراد کیلئے منعقدہ شعور بیداری تقریب میں شرکت کرتے ہوئے خطاب کیا۔

PUNULETI

ریاستی وزیر مال پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ عوام کو تیز اور شفاف خدمات کی فراہمی کے مقصد سے محکمہ مال کے نظام میں تبدیلیوں کا آغاز کیا گیا ہے۔ انہوں نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ گذشتہ دس سال کے دوران مفاد پرست فیصلوں کی وجہ سے محکمہ مال کا نظام مکمل طور پر غیر کارکردہ ہوگیا تھا۔ انہوں نے انٹیگریٹیڈ دفاتر کے قیام سے متعلق آج سکریٹریٹ میں عہدیداروں کے ساتھ جائزہ اجلاس کے موقع پر کہا کہ آوٹر رنگ روڈ کے تحت 39 سب راجسٹرار دفاتر کو 11 کلسٹرس میں تقسیم کرتے ہوئے حکومت پر کسی بھی طرح کا مالی بوجھ نہ ہو اس کے لئے خانگی تعمیراتی شعبے کے اداروں سے تعمیرات کروائی جارہی ہیں۔

SRIDHAR BABU

ریاستی وزیر آئی ٹی سریدھر بابو نے کہا ہے کہ جمہوریت میں ذمہ دار عہدوں پر فائز شخصیات کے درمیان ہونے والی ہر بات چیت کو سیاسی رنگ دیتے ہوئے اس پر زہریلی تشہیر کرنا نامناسب ہے۔ انہوں نے ایک بیان میں وزراء کے اجلاس سے متعلق سوشیل میڈیا اور نشریات کے ذریعہ پھیلائی جارہی غلط تشہیر کی مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرمارکا کی قیامگاہ پر وزراء کے انتظامی امور سے متعلق موضوعات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

MEDARAM

ایشیا کی سب سے بڑی قبائیلی جاترا۔ میڈارم۔ سمکا سارلما مہا جاترا کے لئے حکومت کی جانب سے تمام انتظامات کئے گئے ہیں۔ کل شام

سارلما کے گدانشین ہونے کے موقع پر یہ تقاریب سرکاری طور پرشروع ہوں گی۔تقریباًایک کروڑ سے زائد عقیدت مندوں کے یہاں آنے کا امکان ہے۔اس کے پیش نظرحکومت کی جانب سے جاترا کے احاطے کوآٹھ زونس۔بیالیس سیکٹرس میں تقسیم کرتے ہوئے سخت ترین انتظامات کئے گئے ہیں۔بیالیس ہزار سے زائد سرکاری ملازمین ڈیوٹی پر موجود ہوں گے۔بھکتوں کی کثیر تعداد کے پیش نظر چار ہزار بسیں چلائی جارہی ہیں۔عقیدت مندوں کی سلامتی کے لئے محکمہ پولیس کی جانب سے آرٹفیشل انٹلیجنس کا استعمال کیا جارہا ہے۔تیرہ ہزار ملازمین پولیس کے ساتھ ساتھ چارسو پچاس سی سی ٹی وی کیمرے اور ڈرونس کے ذریعہ یہاں نظر رکھی جائے گی۔میڈارم میں پچاس بستروں والے ہاسپٹل کے ساتھ ساتھ تیس ہلیتھ کیمپس قائم کئے گئے ہیں۔پانچ ہزار سے زائد طبی عملے کو یہاں مقرر کیا گیا ہے۔

KAVITHA

صدر تلنگانہ جاگیرتی کلوا کنٹلہ کویتا نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ریاست میں جرائم کی شرح میں اضافہ ہوا ہے اور امن وضبط کی صورتحال باعث تشویش ہے۔انہوں نے نظام آباد ضلع میں گانجے کے اسمگلرس کے حملے میں زخمی نمس ہاسپٹل میں زیر علاج آبکاری کانسٹبل سومیا کی آج عیادت کی۔انہوں نے سومیا کی صحت سے متعلق تفصیلات حاصل کیں۔اور کہا کہ فرائض کی انجام دہی کے دوران عہدیدار پر حملہ افسوسناک ہے۔کویتا نے الزام عائد کیا کہ مجرمانہ سرگرمیوں پر قابو پانے میں ریاستی حکومت ناکام ہوچکی ہے۔تلنگانہ جاگیروتی کی صدر نے بتایا کہ محکمہ جنگلات اور آبکاری کے حکام کے پاس اسلحہ نہ ہونے کی وجہ سے اسمگلرس حملے کررہے ہیں۔انہوں نے فوری ان محکموں کے ملازمین کو اسلحہ مختص کرنے کا مطالبہ کیا۔

NALGONDA KOMAT REDDY

ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا ہے کہ تعلیمی میدان میں نلگنڈہ کو ریاست بھر میں سرفہرست بنایا جائے گا۔ریاستی وزیر نے بتایا کہ اس کے لئے ریاستی حکومت کے تعاون کے ساتھ کومٹ ریڈی پرتیک میموریل ادارے کے ذریعہ تعلیمی شعبے کی ترقی کے لئے اقدامات کئے جائیں گے۔انہوں نے آج ضلع نگلنڈہ مستقر میں بوٹو گوڑہ گورنمنٹ اسکول کے لئے اپنے کومٹ ریڈی پرتیک ادارے کے ذریعہ آٹھ کروڑ روپئے کی لاگت سے تعمیر کردہ عصری اسکول کی عمارت کا آج افتتاح کیا۔انہوں نے بتایا کہ کارپوریٹ اداروں کی طرز پر ایئر کنڈیشن اور ڈیجیٹل کلاس رومس جیسی سہولیات اس ادارے میں فراہم کی جارہی ہیں۔انہوں نے واضح کیا کہ حکومت کے تعاون کے ساتھ ساتھ اپنے ادارے کے ذریعہ تعلیمی ترقی کے لئے انتھک جدوجہد کی جائے گی۔۔

BANK STRIKE

ہفتے میں پانچ دن کام کے طریقہ کار پر عمل آوری کے اہم مطالبے کے ساتھ آج ملک بھر کے بعض بینکوں کے ملازمین نے ایک دن کی ہڑتال کی۔یونائیٹیڈ فورم آف بینک یونینس کی اپیل پر حیدرآباد کے کوٹھی میں واقعہ ایس بی آئی کے احاطے میں مرکزی دفتر کے سامنے ملازمین نے احتجاجی دھرنا منظم کیا۔احتجاجیوں نے ان کے انصاف پر مبنی مطالبے کی فوری یکسوئی کے نعرے لگائے۔ہڑتال کی وجہ سے ایس بی آئی۔پنجاب نیشنل بینک۔کنارا بینک جیسے سرکاری شعبے کے بینکوں میں لین دین کا عمل روک گیا۔جس سے کھاتہ داروں کو مشکلات کا سامنا

کرنا پڑا۔